Agreement between MEA and BMVSS for 'India for Humanity' project extended

August 05, 2020

'ہندوستان برائے انسانیت' پروجیکٹ کے لئے وزارت خارجہ اور BMVSS کے مابین معاہدے میں توسیع

05 اگست، 2020

مہاتما گاندھی کی 150 ویں یوم پیدائش کی تقریبات کے موقع پر، وزارت خارجہ (ایم ای اے) نے 9 اکتوبر 2018 کو 'ہندوستان برائے انسانیت' پہل کی شروعات کی۔ اس اقدام میں مہاتما گاندھی کے فلسفہ ہمدردی، نگہداشت اور انسانیت کی خدمت پر توجہ دی گئی ہے۔ اس اقدام کے تحت 12 ممالک میں 13 مصنوعی اعضا لگانے کے کیمپ لگائے گئے تھے اور 6500 سے زیادہ مصنوعی اعضاء لگائے گئے تھے۔ ان کیمپوں کو وزارت خارجہ کی مکمل سرپرستی حاصل تھی اور انہیں معروف رفاہی تنظیم "بھگوان مہاویر ویکلانگ سہایتا سمیتی" (بی ایم وی ایس ایس) کے ذریعہ عمل میں لایا گیا تھا۔

2۔ ان کیمپوں نے ان ممالک میں ہندوستان کے لئے خیر سگالی پیدا کی جہاں اسے لگایا گیا تھا جس میں ملاوی، عراق، نیپال، مصر، بنگلہ دیش، ایتھوپیا ، شام وغیرہ جیسے ممالک شامل ہیں۔ ان کیمپوں کا مقصد ہاتھ پاؤں کٹے ہوئے لوگوں کی جسمانی، معاشی اور معاشرتی بحالی کی فراہمی ہے، جو انہیں معاشرے کے خود اعتماد اور کار آمد ممبر بننے کے لئے ان کی نقل وحرکت اور وقار کو دوبارہ حاصل کرنے میں ان کی مدد کر سکے۔ ہندوستان اپنی ترقیاتی شراکت داری کے تحت انسانی امداد کو بڑھا رہا ہے جو وسودھو کٹم بکم کے بنیادی اقدار پر قائم ہے۔

3۔ اس تناظر میں، 5 اگست 2020 کو، وزارت خارجہ اور BMVSS کے درمیان معاہدے کو مزید 3 سال کے لئے یعنی مارچ 2023 تک بڑھایا گیا ہے۔ سکریٹری (ای آر)، جناب راہل چھابرا، نے وزارت خارجہ کی جانب سے معاہدے پر دستخط کیے جبکہ بی ایم وی ایس ایس کی جانب سے جناب ستیش مہتا نے معاہدے پر دستخط کیے۔

نئی دہلی

05 اگست، 2020

DISCLAIMER : This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.